Ertuğrul Ghazi–ارطغرل غازی



بسم اللہ الرحمن الرحیم

قارئین کرام جیسا کہ ہم سب اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ موجودہ دور میں میڈیا کا کردار اس قدر مضبوط، پُر اثر اور برق رفتار ہے کہ شاید ہی کسی دوسرے ذرائع کا ہوگا۔ اس کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جاسکتا ہے کہ ایک عالم یا مفتی مسجد کے ممبر پر بیٹھ کر جب کوئی مسئلہ بیان کرتا ہے تو اس بیان سے مستفید ہونے والوں کی تعداد زیادہ سے زیادہ سینکڑوں یا ہزاروں لوگوں پر مشتمل ہوتی ہے اور بیان ایک مخصوص علاقے کے لوگوں تک ہی محدود رہتا ہے جبکہ اس کے برعکس اسی بیان کو یوٹیوب پر لائیو نشر کیا جائے تو سننے والوں کی تعداد پوری دنیا کے لاکھوں اور کروڑوں لوگوں تک جا پہنچتی ہے اور لوگوں کے پاس اس بیان کو دوسروں تک پہنچانے کی سہولت بھی میسر رہتی ہے۔ یہاں میں اس مسلئے کو زیر بحث لائے بغیر کہ میڈیا کا استعمال جائز یا ناجائز ہے، میں قارئین کو یہ سمجھانا چاہتا ہوں کہ کسی بھی چیز کے استعمال کا طریقہ کار اور اس سے حاصل ہونے والے مقاصد اگر درست ہیں اور شریعت کے اصولوں کے عین مطابق ہیں تو پھر اس کے استعمال میں کوئی حرج نہیں جب تک کہ اس کا استعمال نص قطعی سے ناجائز ثابت نہ ہو۔ لہٰذا میڈیا کے استعمال کے جائز یا ناجائز ہونے پر میرا رجحان ان علمائے کرام کی طرف ہے جنہوں نے دینی امور پر میڈیا کے استعمال کو جائز قرار دیا ہے۔

اب میں اصل موضوع کی طرف آپ سب کی توجہ دلانا چاہتا ہوں جس کو سمجھانے کے لئے میں یہ تحریر لکھ رہا ہوں۔ جیسا کہ ہم سب مسلمان اس بات پر متفق ہیں کہ ڈرامہ یا فلمیں دیکھنا حرام ہے کیونکہ ڈراموں اور فلموں میں ناچ گانا اور بے حیائی کے تقریباً تمام کام ہو رہے ہوتے ہیں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ایسے ڈرامے جن میں ناچ گانا اور بے حیائی دکھائے بغیر ہمیں ہمارے شاندار ماضی اور نسہری تاریخ کے حقیقی کرداروں کے حالات دکھائے گئے ہوں، دیکھنا جائز ہے یا ناجائز؟

اس سوال کا جواب ہمارے موجودہ دور کے جید عالم دین اور اسکالرز میں سے محترم جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اور جناب مفتی طارق مسعود صاحب دامت برکاتہم یہ دیتے ہیں کہ اگر کوئی ڈرامہ یا فلم موسیقی، ناچ گانوں اور بے حیائی سے پاک ہے اور جس میں مرد و عورت کی قربت اور بے پردگی کو دکھانے سے گریز کیا گیا ہو۔ ایسے ڈرامے یا فلمیں کسی بہتر مقصد کے تحت دیکھنا جائز ہے۔

اب ہم اپنے اگلے اور اہم تریں سوال کی طرف بڑھتے ہیں کہ کیا کسی مسلمان کے لئے موجودہ دور میں ترکی کی تاریخ پر بننے والا ڈرامہ ارطغرل غازی دیکھنا جائز ہے؟

اس سوال کے جواب میں محترم جناب ڈاکٹر ذاکر نائیک صاحب اور جناب مفتی طارق مسعود صاحب دامت برکاتہم فرماتے ہیں کہ "کیونکہ ارطغرل ڈرامے میں موسیقی، نامحرم مرد و عورت کی تھوڑی بہت قربت اور عورتوں کو چہرے کے حجاب کے بغیر دکھایا گیا ہے لہٰذا مسلمانوں کے لئے یہ ڈرامہ دیکھنا جائز نہیں ہے۔ لیکن چونکہ اس ڈرامے میں عورتوں کو مکمل اسلامی لباس میں دکھایا گیا ہے جس میں کسی قسم کی عریانیت، بے حیائی اور ناچ گانا موجود نہیں ہے لہٰذا یہ ڈرامہ ان ڈراموں اور فلموں کی طرح حرام نہیں ہے جن میں ناچ گانا، برہنہ عورتیں اور بے حیائی کے تمام کام دکھائے جاتے ہیں"۔ آپ دونوں عالم دین نے ان لوگوں کو اس ڈرامے کو دیکھنے سے منع فرمایا جو لوگ کسی بھی طرح کے ڈراموں اور فلموں کے دیکھنے کے عادی نہیں، لیکن ایسے لوگوں کو اس ڈرامے کے دیکھنے کی گنجائش دی جو لوگ پہلے سے انڈین اور ہالی ووڈ کی فلمیں اور ڈرامے دیکھنے کے عادی ہیں۔ تاکہ ایسے لوگوں کو بڑے گناہ سے کم درجے کی برائی تک محدود رکھا جاسکے اور چونکہ موجودہ دور کا مسلمان کتابیں پڑھنے سے بہت دور اور ہمارے اسلامی تاریخ اور شاندار ماضی سے ناآشنا ہے، لہٰذا اِسے ان ڈراموں کے ذریعے سے ہمارے اسلامی اخلاقی اقدار اور دین اسلام کی خاطر دی گئی قربانیوں کا علم ہو سکے گا۔ اس طرح ہم آج کے مسلم نوجوانوں کو نہ صرف غیر مسلم میڈیا کی یلغار اور گمراہیت سے محفوظ کر سکیں گے بلکہ اس کے دل میں جہاد کا جذبہ اور اسلام سے محبت کو بھی جگانے میں کامیاب ہو سکیں گے۔ اور ساتھ ہی غیر مسلموں اور اسلام دشمن عناصر کا یہ پروپگینڈا کہ اسلام ایک دہشت گرد مذہب ہے اور صرف دہشت گردی کی تعلیم دیتا ہے، اس پروپگینڈے کے خلاف بھی ارطغرل غازی جیسے ڈراموں کے ذریعہ غیر مسلم دنیا کو اسلام کا حقیقی پہلو دکھایا جاسکتا ہے۔

اکیسویں صدی عیسوی کے اس ترقی یافتہ دور میں ہمیں اسلام دشمن عناصر کا مقابلہ موجودہ دور کے جدید تقاضوں کے عین مطابق ہی کرنا پڑے گا۔ جس طرح اسلام دشمنوں نے اپنے سازشی میڈیا کے ذریعہ اسلام کو بدنام کرنے کی کوششیں کیں بالکل اسی طرح سے ہمیں اپنے میڈیا کے ذریعہ اسلام کا شاندار، پُر وقار اور حقیقی منظر پیش کر کے غیر مسلم دنیا کو اسلام کی خوبصورتیوں سے آگاہ کرنا ہو گا۔

موجودہ دور میں ۹۹ فیصد لوگ موبائل اور انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہیں اس لئے اگر ہم یہ چاہیں کہ آج کے مسلمانوں کو ڈرامے اور فلموں سے بالکل روک لیں ایسا کرنا اب ناممکن ہے لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ ہم اس کا متبادل راستہ اختیار کریں۔ اس کے لئے میں موجودہ دور کے پاکستانی میڈیا (ڈرامہ و فلم انڈسٹری) کے لوگوں سے گزارش کرتا ہوں کہ آپ بے کار و بے مقصد اور اخلاقیات سے گرے

ہوئے ڈرامے اور فلمیں بنانے کے بجائے ہماری اسلامی تاریخ میں گزرے حقیقی کرداروں مثلاً: محمد بن قاسم، سلطان صلاح الدین ایوبی، ارطغرل غازی، عثمان غازی، اورخان، سلطان محمد فاتح، ظہیر الدین بابر، قطب الدین ایبک اور ٹیپو سلطان جیسے اسلامی ہیروز پر ڈرامے اور فلمیں بنا کر دنیا کو اسلام کا حقیقی رُخ پیش کریں۔

رہا سوال اس بات کا کہ موسیقی، ناچ گانوں اور عریاں عورتوں کے بغیر ڈرامہ یا فلمیں لوگوں میں مقبول نہیں ہونگی، تو میرے بھائیوں اس اشکال کا بہترین جواب خود ارطغرل غازی ڈرامہ ہے جو بغیر ناچ گانے، برحنہ عورتوں اور بے حیائی کے بغیر بھی پوری دنیا خاص طور پر پاکستان میں اس قدر مقبول ہو چکا ہے کہ پاکستان ٹیلی ویژن کے اپنے چینل پر دکھاجانے کے باوجود بھی یوٹیوب پر صرف دیڑھ ماہ کے کم عرصے میں ارطغرل ڈرامے کے ۷ ملین سبسکرائیبرز ہو چکے ہیں۔

اب ہم اس موضوع کے آخری حصہ کی طرف بڑھتے ہیں۔ ارطغرل غازی کو لے کر اس وقت پوری دنیا میں یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ ارطغرل غازی کون تھا۔ کیا ارطغرل غازی واقعی کوئی حقیقی کردار ہے یا پھر ایک فرضی کردار ہے۔ کیا واقعی دنیا کی سب سے عظیم شان سلطنت خلافت عثمانیہ کا حقیقی بانی ارطغرل غازی تھا جس نے عالم اسلام کو متحد کرنے کا خواب دیکھا تھا اور بعد میں اس کے بیٹے عثمان غازی نے اس کے خواب کو پورا کر دکھایا؟ کیا واقعی ایک خانہ بدوش قبیلہ کے سردار نے دنیا کی دو اہم ترین طاقتوں منگلولوں اور صلیبیوں سے جنگ کر کے ان دونوں کو شکست دی اور مسلمانوں کی عظمت رفتہ بحال کی تھی۔ موجودہ دور میں یہ بحث اس لئے ہو رہی ہے کہ یہ ڈرامہ دیکھ کر مسلم دنیا خصوصاً پاکستان میں ایک تہلکہ مچ گیا ہے اور جو لوگ پہلے انڈین اور ہالی ووڈ کی فحش فلمیں دیکھنے کے عادی تھے آج ارطغرل ڈرامہ دیکھ کر اپنی شخصیت اور مزاج میں تبدیلی محسوس کر رہے ہیں۔

حیرت انگیز بات یہ ہے کہ ارطغرل ڈرامے کا سب سے بڑا مخالف وہ لبرل طبقہ ہے جس نے میڈیا اور عورتوں کی آزادی کے نام پر ڈراموں اور فلموں کی سب سے زیادہ حمایت کی ہے اور اسلامی شریعت اور اخلاقی اقدار کی سب سے زیادہ مخالفت کی ہے۔ آخر کیا وجہ ہے کہ ایسے آزاد خیال لوگ آج ایک ڈرامے کے خلاف آواز اٹھا رہے ہیں؟ ذرا سوچیئے۔۔۔

اب ہم کچھ باتیں اس ڈرامے کی کہانی پر کرتے ہیں۔ ارطغرل ڈرامہ میں بہت سلیقے کے ساتھ منگلولوں کا ظلم و ستم، صلیبیوں کی سازش اور اپنوں کی غداری دیکھائی گئی ہے۔ ڈرامہ میں بتایا گیا ہے کہ جس طرح آج مسلم دنیا کے حالات ہیں بالکل اسی طرح تیرہویں صدی عیسوی میں بھی مسلمانوں کے حالات بدتر تھے۔ چنگیز خان اور ہلاکو خان کی فوجیں مسلمانوں کو تباہ و برباد کر رہی تھی۔ صلیبی مسلسل مسلمانوں کے خلاف سازشوں میں لگے ہوئے تھے اور مسلمان بھی اندرونی اختلافات کی وجہ سے کم ہمتی کا شکار تھے۔ وہ صلیبیوں اور منگلولوں کی سازشوں کا شکار ہو کر اپنوں کے ساتھ ہی غداری کرتے تھے۔ ان مشکل حالات میں ارطغرل غازی نے عالم اسلام کو متحد کرنے اور انہیں ذلت و رسوائی سے نکالنے کا خواب دیکھا اور اس کو سچ ثابت کرنے کیلئے انہوں نے جدو جہد شروع کر دی۔ صلیبیوں اور منگلولوں میں اپنا خوف قائم کر دیا۔ ان کی وفات کے دس سال بعد ان کے بیٹے عثمان غازی نے ۱۲۹۹ میں سلطنت عثمانیہ کی بنیاد رکھی اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے یہ سلطنت تین براعظموں پر پھیل گئی اور دنیا کی سب سے لمبی مدت

تک قائم رہنے والی اور سب سے بڑی اور مضبوط سلطنت بن گئی جو ۳مارچ ۱۹۲۴ تک قائم رہی۔ڈرامہ میں بہت خوبصورتی کے ساتھ اسلامی تہذیب و ثقافت کو پیش کیا گیا ہے جس کو دیکھنے کے بعد دنیا کا ہر مسلمان ارطغرل کو اپنا ہیرو، محسن اور عظیم مجاہد سمجھنے لگا ہے۔ علاقائیت اور نسل و نسب کی بنیاد پر ذرہ برابر بھی تعصب کا خیال نہیں آتا ہے عرب و عجم، قبیلہ اور علاقائیت کے بنیاد پر پایا جانے والا آپسی تعصب کو یہ ڈرامہ مٹا رہا ہے۔

موجودہ دور میں اس ڈرامے کو لے کر یہ بحث بھی ہو رہی ہے کہ ڈرامہ میں جو کچھ دکھایا گیا ہے، کیا وہ تاریخ میں موجود ہے؟ حال ہی میں بی بی سی نے ایک مضمون لکھ کر یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ ارطغرل ڈرامہ میں جو کچھ دکھایا گیا ہے وہ حقیقت کے خلاف اور تاریخ کے برعکس ہے۔ کئی یورپین اور امریکی دانشوروں نے بھی اس ڈرمہ پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا ہے کہ ارطغرل ایک گمنام شخصیت ہے جسے ترکی کے صدر رجب طیب اردگان نے زبردستی ہیرو بنا کر پیش کر دیا ہے۔

ہم اس تحریر کے آخر میں ارطغرل غازی کی شخصیت اور کردار کی حقیقت تاریخ کے اوراق میں سے مورخ اسلام جناب اکبر شاہ خاں نجیب آبادی (المتوفی:۱۹۳۸ء) کی لکھی ہوئی کتاب "تاریخ اسلام" سے اور انگریز تاریخ دانوں کی کتابوں کے حوالوں سے پیش کریں گے جنہیں ۱۹۳۹ء میں جناب ڈاکٹر محمد عزیر، سابق رفیق دارالمصنفین، اعظم گڑھ نے اپنی کتاب "دولتِ عثمانیہ" میں رقم کیا۔

عثمانی دستاویزات میں ارطغرل کا نسب کچھ یوں ملتا ہے: "ارطغرل بن سلیمان شاہ بن کندز الپ بن قایا الپ بن کوک الپ بن صارقوق الپ بن قاي الپ"۔ قائی قبیلہ انہی سے منسوب ہے۔

مورخ اسلام جناب اکبر شاہ خاں نجیب آبادی (المتوفی:۱۹۳۸ء) لکھتے ہیں: " ۶۲۱ھ میں جب مغلوں نے علاء الدین کیقباد کی ریاست پر حملہ کیا تو سلیمان خاں اور اس کے بیٹے ارطغرل نے اپنے ہم قوم ترکوں کو لے کر مغلوں کے خلاف علاء الدین کیقباد کی مدد کی، یہ مدد عین وقت پر پہنچی اور اس سے مغلوں کو شکست کھا کر فرار ہونا پڑا لہٰذا علاء الدین کیقباد سلجوقی نے سلیمان کو خلعت دے کر اپنی فوج کا سپہ سالار بنایا اور اس کے بیٹے ارطغرل کو شہر انگورہ کے قریب ایک وسیع جاگیر عطا کی۔

علاء الدین سلجوقی کا دارالسلطنت اس زمانہ میں شہر قونیہ تھا، ارطغرل کی جاگیر اور ریاست قیصر روم کے علاقے کی سرحد پر واقع تھی۔ ارطغرل نے اپنے باپ کے فوت ہونے پر اپنی ریاست کو وسیع کیا، کچھ علاقہ سلطان قونیہ سے انعام و اکرام کے طور پر حاصل کیا اور کچھ عیسائی علاقے کو دبایا، اس طرح ارطغرل کی ایک قابل تذکرہ ریاست قائم ہو گئی' مغلوں نے ایشیائے کوچک کے ان چھوٹے رئوساء سے کچھ زیادہ تعرض نہیں کیا اور ان کو ان کے حال پر قائم رہنے دیا۔ ۶۴۱ھ میں علاء الدین کیقباد سلجوقی کے بیٹے غیاث الدین کیخسرو کو مغلوں کا خراج گذار ہونا پڑا۔ ۶۵۷ھ میں ارطغرل کا بیٹا عثمان خان پیدا ہوا۔ ۶۸۷ھ میں ارطغرل فوت ہوا اور اس کا بیٹا عثمان خان بعمر تیس سال باپ کی جگہ ریاست کا مالک و فرماں روا ہوا۔ شاہ قونیہ یعنی غیاث الدین کیخسرو سلجوقی نے اپنی بیٹی کی شادی عثمان خان سے کر دی اور اس کو اپنی فوج کی سپہ سالاری کا عہدہ بھی عطا کیا۔ ۶۹۹ھ میں غیاث الدین کیخسرو سلجوقی جب مقتول ہوا تو تمام سلجوقی ترکوں نے سلطنت قونیہ کے تخت پر عثمان خان کو بھٹایا اور اس طرح اپنی قدیمی ریاست کے علاوہ قونیہ کا

علاقہ بھی عثمان خان کے زیر تصرف آ گیا۔ عثمان خان نے اپنے آپ کو سلطان کے لقب سے منسوب کیا۔ یہی پہلا سلطان ہے جس کے نام سے اس کے خاندان میں سلطنت عثمانیہ قائم ہوئی"۔ (تاریخ اسلام: جلد ۲، صفحہ نمبر ۳۹۲-۳۹۱)

391 تاریخ اسلام جلد۲

کر لیا اور اسلام کے خادم بن گئے۔ دو سو برس کے بعد براعظم ایشیا میں مغلوں کی حکومتیں کمزور ہوتے ہوتے نابود ہونے لگیں اور ان کی جگہ کثیر التعداد چھوٹی چھوٹی ریاستیں جابجا ایران و خراسان و عراق و ماوراء النہر میں قائم ہو گئیں۔

سنہ ۸۰۰ھ کے قریب ان مغلوں کے تنزل و بربادی کے عالم میں ایک شخص تیمور سردار ہوا۔ اس نے اپنی ملک گیریوں اور فتح مندیوں سے تمام براعظم ایشیا میں ایک تہلکہ برپا کر دیا اور دنیا کو ایک مرتبہ پھر چنگیز خاں کی ملک گیریوں کا تماشہ دکھا دیا۔ تیمور چونکہ مسلمان تھا، اس لیے اگرچہ قتل و غارت گری کے ہنگامے اس کے ذریعہ سے بھی بہت رونما ہوئے۔ تاہم اس کی ملک گیریاں زیادہ عرصہ تک نہ رہیں۔ انہوں نے بھی تقریباً اتنا عرصہ حکومت کی جتنا عرصہ چنگیز خاں کی اولاد نے حکومت کی تھی۔ جس طرح چنگیز خاں کی اولاد کا تنزل ہوا، بالکل اسی طریقہ اور اسی رفتار سے تیمور کی اولاد کا زوال ہوا۔ جتنے دنوں چنگیزی مغلوں نے ایشیاء کے ملکوں پر حکومت کی تھی، قریباً اتنے ہی دنوں تیموری مغلوں کا دور دورہ رہا۔ جب ایران و ترکستان وغیرہ سے تیموری خاندان کی حکومت مٹ گئی تو تیمور کی اولاد میں ایک شخص بابر پیدا ہوا۔ اس نے ہندوستان و افغانستان میں ایک زبردست حکومت کی بنیاد ڈالی جو عرصہ تک اس کے خاندان میں باقی رہی۔

دولت عثمانیہ (ترکی):

ترکان غز کا تذکرہ اوپر کہیں آ چکا ہے۔ ان ترکان غز کے اکثر قبائل کو سلجوقیوں نے دھکیل کر صوبہ ارمینیا اور بحیرہ قزوین کے ساحلوں کی طرف پہنچا دیا تھا۔ انہیں میں ایک وہ قبیلہ تھا جس کو سلطنت عثمانیہ کو قائم کرنے کا فخر حاصل ہوا۔ جب سلاطین سلجوقیہ کا دور دورہ ختم ہوا اور تاتاریوں نے ایشیا کے ملکوں میں ہنگامے برپا کرنے شروع کر دیے تو اس زمانے میں ایشیائے کوچک کے اس حصے میں جو مسلمانوں کے قبضہ میں تھا، دس بارہ چھوٹی چھوٹی ریاستیں قائم تھیں۔ ان ریاستوں میں اکثر سلجوقی شہزادے یا سلجوقیوں کے موالی حکومت کرتے تھے۔ انہیں میں ایک ریاست سرحد ارمینیا پر ترکان غز کے مذکورہ قبیلہ کے سردار سلیمان خاں کے قبضے میں تھی۔ سنہ ۶۲۱ھ میں جب مغلوں نے علاؤالدین کیقباد سلجوقی کی ریاست پر حملہ کیا تو سلیمان خاں اور اس کے بیٹے ارطغرل نے اپنے ہم قوم ترکوں کو لے کر مغلوں کے خلاف علاؤالدین کیقباد کی مدد کی۔ یہ مددعین وقت پر پہنچی اور اس سے مغلوں کو شکست کھا کر فرار ہونا پڑا۔ لہٰذا علاؤالدین کیقباد سلجوقی نے سلیمان کو خلعت دے کر اپنی

فوج کا سپہ سالار بنایا اور اس کے بیٹے ارطغرل کو شہر انگورہ کے قریب ایک وسیع جاگیر عطا کی۔ علاؤ الدین سلجوقی کا دارالسلطنت اس زمانے میں شہر قونیہ تھا۔ ارطغرل کی جاگیر اور ریاست قیصر روم کے علاقے کی سرحد پر واقع تھی۔

ارطغرل نے اپنے باپ کے فوت ہونے پر اپنی ریاست کو وسیع کیا۔ کچھ علاقہ سلطان قونیہ سے انعام و اکرام کے طور پر حاصل کیا اور کچھ عیسائی علاقے کو دبایا۔ اس طرح ارطغرل کی ایک قابل تذکرہ ریاست قائم ہوگئی۔ مغلوں نے ایشیائے کوچک کے ان چھوٹے رؤسا سے کچھ زیادہ تعرض نہیں کیا اور ان کو ان کے حال پر قائم رہنے دیا۔

سنہ ۶۴۱ھ میں علاؤ الدین کیقباد سلجوقی کے بیٹے غیاث الدین کیخسرو کو مغلوں کا خراج گزار ہونا پڑا۔ سنہ ۶۵۷ھ میں ارطغرل کا بیٹا عثمان خاں پیدا ہوا۔ سنہ ۶۸۷ھ میں ارطغرل فوت ہوا اور اس کا بیٹا عثمان خاں بہ عمر تیس سال باپ کی جگہ ریاست کا مالک و فرماں روا ہوا۔ شاہ قونیہ یعنی غیاث الدین کیخسرو سلجوقی نے اپنی بیٹی کی شادی عثمان خاں سے کردی اور اس کو اپنی فوج کی سپہ سالاری کا عہدہ بھی عطا کیا۔ سنہ ۶۹۹ھ میں غیاث الدین کیخسرو سلجوقی جب مقتول ہوا تو تمام سلجوقی ترکوں نے سلطنت قونیہ کے تخت پر عثمان خاں کو بٹھایا اور اس طرح اپنی قدیمی ریاست کے علاوہ قونیہ کا علاقہ بھی عثمان خاں کے زیر تصرف آ گیا۔ عثمان خاں نے اپنے آپ کو سلطان کے لقب سے منسوب کیا۔ یہی پہلا سلطان ہے جس کے نام سے اس کے خاندان میں سلطنت عثمانیہ قائم ہوئی۔ عثمانی سلاطین نے بہت جلد تمام ایشیائے کوچک پر قبضہ کر کے قیصر روم کی حکومت کو ایشیا سے نابود کر دیا۔ سنہ ۷۶۳ھ میں سلاطین عثمانیہ نے ایڈریانوپل کو فتح کر کے اپنا دارالسلطنت بنایا اور صوبہ طرابلس پر قبضہ کر کے براعظم یورپ کے جنوبی و مشرقی حصہ میں اسلامی حکومت قائم کی۔ قیصر روم نے دب کر صلح کی اور عثمانیہ طاقت سے اپنے بقیہ ملک کو بچایا۔ اس کے بعد عثمانیوں نے عیسائیوں کو شکستیں دے کر یورپ میں اپنے مقبوضات کو وسیع کرنا شروع کیا۔ آخر سنہ ۷۹۲ھ میں آسٹریا، بلگیریا (بلغاریہ)، بوسنیا، ہنگری وغیرہ کے عیسائی سلاطین نے متحد و متفق ہو کر ایک عظیم الشان فوج کے ساتھ سلطنت عثمانیہ پر حملہ کیا۔ سلطان مراد خاں عثمانی نے اپنی قلیل التعداد فوج سے مقام کسووا[1] پر عیسائیوں کے اس لشکر

---

[1] عصر حاضر میں (1990-91ء میں) عیسائیوں نے یورپ کی واحد مسلم ریاست بوسنیا اور اس کے دارالحکومت کسووا میں جس طرح لاکھوں مسلمانوں کا قتل عام کیا اور اس مسلم ریاست کو تباہ کیا، شاید یہ انہوں نے ۷۹۲ھ کی اپنی شکست فاش کا بدلہ لیا ہو۔

جناب ڈاکٹر محمد عزیر نے اپنی کتاب ''دولتِ عثمانیہ'' میں ارطغرل کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے وہ درج ذیل اسکین صفحات میں پیش خدمت ہے۔

ارطغرل

ساتویں صدی ہجری (تیرہویں صدی عیسوی) کی ابتدا میں شاہانِ خوارزم کی قوت اوجِ شباب پر تھی، وہ ایران وخراسان اور شام وعراق میں آلِ سلجوق کے بیش تر مقبوضات پر قابض ہو چکے تھے اور ایشیا کی تمام اسلامی سلطنتوں کو فتح کر لینا چاہتے تھے لیکن عین اس وقت جب وہ اس حوصلہ کی تکمیل کے لیے تیار ہو رہے تھے، چنگیز خانی طوفان اپنی تمام ہولناکیوں کے ساتھ اٹھا اور سلطنت خوارزم کو پاش پاش کر ڈالا، اس سلطنت کی تباہی کے بعد ترکی قبائل جنوب کی طرف بھاگے، ان میں بعض ایران اور شام میں پہنچے اور وہاں ساتویں اور آٹھویں صدی ہجری میں بہت کچھ اقتدار حاصل کیا اور ترکمانی مشہور ہوئے اور بعض جنوب کی طرف بڑھے اور مصر کے سلاطین مملوک سے معرکہ آرا ہوئے، جو خود ترکی النسل تھے لیکن مصر میں انہیں شکست ہوئی اور وہاں سے واپس ہو کر وہ ایشیائے کوچک میں سلجوقیوں سے آملے، ان ہی ترکی قبائل میں جو چنگیز خاں کے حملہ کے بعد اپنا وطن چھوڑ کر مارے مارے پھر رہے تھے، ارطغرل کا قبیلہ بھی تھا، یہ قبیلہ ترکانِ اوغوز کے قبیلہ کا ایک جزو تھا جو ارطغرل کے باپ سلیمان شاہ کی سرکردگی میں اپنے وطن خراسان کو چھوڑ کر مختلف ملکوں میں گھومتا ہوا شام کی طرف جا رہا تھا کہ اثنائے راہ میں دریائے فرات کو عبور کرتے ہوئے سلیمان شاہ ڈوب کر ہلاک ہو گیا، قبیلہ کا بیش تر حصہ اس وقت منتشر ہو گیا لیکن جو لوگ رہ گئے وہ ارطغرل اور اس کے بھائی دوندار کے ساتھ ایشیائے کوچک کی طرف روانہ ہوئے اور

سلطان علاء الدین سلجوقی کی سلطنت میں داخل ہو گئے۔

پہلا معرکہ یہ جماعت جو صرف چار سو چوبیس[1] گھرانوں پر مشتمل تھی، سلطان علاء الدین کے زیر سایہ پناہ لینے کے لیے پایہ تخت قونیہ کی طرف جا رہی تھی کہ راستہ میں انگورا کے قریب ارطغرل کو دو فوجیں مصروف جنگ نظر آئیں، وہ کسی فریق سے واقف نہ تھا لیکن یہ دیکھ کر کہ ان میں سے ایک تعداد کے لحاظ سے کم زور اور دوسری قوی ہے، اپنے سواروں کے مختصر دستہ کے ساتھ جن کی مجموعی تعداد صرف چار سو چوالیس تھی، کم زور فریق کی حمایت کے لیے بڑھا اور اس جاں بازی سے حملہ آور ہوا کہ دشمن کو میدان چھوڑ کر بھاگنا پڑا، فتح حاصل کرنے کے بعد اسے معلوم ہوا کہ جس فریق کی اس نے یوں بروقت مدد کی تھی، وہ سلطان علاء الدین سلجوقی کی فوج تھی، جسے تاتاریوں کی ایک بڑی فوج نے گھیر رکھا تھا۔

سنگ بنیاد ارطغرل کے اس کارنامہ کے صلہ میں سلطان علاء الدین نے اسے سغوت کا زرخیز علاقہ جو دریائے سقاریہ کے بائیں جانب بازنطینی سرحد کے قریب واقع تھا، جاگیر میں عطا کیا اور سغوت کا شہر بھی اسے دیا، اس علاقہ میں ارطغرل اور اس کے ساتھیوں نے، جو خراسان اور آرمینیا سے آئے تھے، بود و باش اختیار کی، علاء الدین نے ارطغرل کو اس جاگیر کا سپہ دار بھی مقرر کیا، چوں کہ ارطغرل کی جاگیر بازنطینی سرحد سے متصل واقع تھی، اس لیے بازنطینی قلعہ داروں سے اکثر جنگ کی نوبت آتی رہتی تھی، ارطغرل نے تھوڑے ہی دنوں میں اپنی شجاعت کا سکہ بٹھا دیا اور اس کی فتوحات کا یہ اثر ہوا کہ بہت سے ترکی قبائل ایشیائے کوچک میں پہلے سے آباد تھے، اس کے ساتھ شامل ہوتے گئے اور اس کی لڑائیوں میں شریک ہونے لگے، اس طرح اس کی قوت روز بروز بڑھتی گئی اور اس کا اقتدار گرد و پیش کے علاقوں میں قائم ہونے لگا۔

سلطان علاء الدین کے لیے ایک جاگیر دار کا اس طرح قوت و اقتدار حاصل کر لینا

---

[1] ترکی سلطنت از لارڈ ایورسلے، ص ۱۳ (The Turki Empire By Lord Eversley)

تشویش کا باعث ہوتا لیکن ایشیائے کوچک میں دولت سلجوقیہ اندرونی اختلال اور امراء کی بغاوتوں کے سبب زوال کی آخری منزل میں تھی، اگرچہ قونیہ میں سلاجقۂ روم کی قدیم شان و شوکت اب بھی نمایاں تھی تاہم حکومت کا دائرہ بہت محدود رہ گیا تھا، ایک طرف تاتاریوں نے جنوبی اور مشرقی علاقوں پر قبضہ کرلیا تھا تو دوسری طرف عیسائیوں نے شمال اور مشرق کے قدیم بازنطینی صوبوں کے اکثر حصے واپس لے لیے تھے، اوسطی اور جنوبی حصہ میں متعدد سلجوقی سرداروں نے خودمختار حکومتیں قائم کر لی تھیں، سرحدی علاقوں میں جنگ کا سلسلہ عموماً جاری رہتا تھا اور تاتاری حملوں کا خطرہ کبھی دور نہیں ہوتا تھا، ایسی حالت میں ارطغرل جیسے دلیر سردار اور نائب کی فتوحات سے علاء الدین کو بجائے تشویش کے ایک گونہ اطمینان نصیب ہوا اور اس نے ارطغرل کو مزید انعامات عطا کیے، چنانچہ جب نئی شہر اور بروصہ کے درمیان ایک جنگ میں ارطغرل نے علاء الدین کے نائب کی حیثیت سے تاتاریوں اور بازنطینیوں کی ایک متحدہ فوج کو شکست دی تو سلطان نے اس کے صلہ میں اس کے شہر کو بھی اس کی جاگیر میں دے دیا اور پوری جاگیر کا نام سلطانونی (صدر سلطانی) رکھا، نیز ارطغرل کو اپنے مقدمۃ الجیش کا سپہ سالار مقرر کیا، اس وسیع علاقہ میں بکثرت چراگاہوں اور زرخیز زمینوں کے علاوہ متعدد قلعے بھی تھے، مثلاً قراجہ حصار، بلے جیک، اینی وغیرہ لیکن سلطانونی کے اکثر حصوں پر خودسر امیروں کا قبضہ تھا اور اس جاگیر پر اپنا تسلط قائم کرنے کے لیے ارطغرل اور اس کے بعد عثمان کو مدتوں جنگ کرنی پڑی، ہلال سلطان علاء الدین کے علم کا نشان تھا، ارطغرل نے بھی اس کے نائب کی حیثیت سے اسی نشان کو اختیار کیا جو آج تک ترکوں کی عظمت کا قومی نشان ہے[1]۔

۶۸۷ھ (۱۲۸۸ء) میں ارطغرل نے نوّے سال کی عمر میں انتقال کیا اور سغوت کے قریب دفن ہوا۔

---

[1] تاریخ ترکانِ عثمانی، از کریسی، جلد اول، ص ۷۵ (History of The Othomani Turks By Edward Creasy)

یہ بالکل صحیح بات ہے کہ ارطغرل کے حوالے سے تاریخ میں زیادہ تذکرہ نہیں ملتا لیکن تاریخی کتب میں ارطغرل کے حوالے سے جتنا کچھ لکھا گیا ہے وہ ہو بہو ویسا ہی ہے جیسا ڈرامے میں دکھایا گیا ہے۔ اس لئے یہ کہنا کہ ارطغرل ایک گم نام شخصیت ہیں، جھوٹ اور دھوکہ دہی پر مبنی ہے۔ اس سے ڈرامہ کے اکثر کردار میں یکسانیت پائی جاتی ہے۔ تاریخ پڑھنے اور ڈرامہ دیکھنے کے بعد آپ یقینی طور پر یہی کہیں گے کہ ڈرامہ میں جو کچھ دکھایا گیا ہے وہ حقیقت پر مبنی ہے اور اس وقت کے یہی حالات تھے جیسا ڈرامہ میں بتایا گیا ہے۔

اب اگر کوئی عقلمند انسان ہم سے یہ سوال کرے کہ ارطغرل کی تاریخ تو صرف پانچ سے دس صفحات پر لکھی ہوئی ہے تو پھر آپ نے اس کو بڑھا چڑھا کر پانچ سو اقساط پر مشتمل ڈرامہ سیریل کیسے بنالیا؟ اس اشکال کے جواب میں ہم یہی کہیں گے کہ تاریخ میں جب کسی شخصیت کے بارے میں لکھا جاتا ہے تو اس کی پیدائش سے لیکر وفات تک صرف اسی کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے اور وہ بھی سب کچھ نہیں بلکہ چند مخصوص و مشہور باتیں جبکہ ڈرامے یا فلم میں اس کردار کے بقیہ معاملات کو بہت تفصیل سے دکھایا جاتا ہے اور ساتھ میں اس کردار سے جڑے دوسرے لوگوں کے حالات وواقعات کی بھی منظر کشی کرنی پڑتی ہے اور ساتھ میں بہت سے ایسے فرضی کردار بھی شامل کرنے پڑتے ہیں جن کا تاریخ میں کہیں ذکر نہیں ملتا۔ کیونکہ ہزار سالہ تاریخ میں ہر انسان اور ہر کردار کا ذکر ہونا ممکن نہیں، لہٰذا یہ اعتراض ہی بالکل بے بنیاد ہے۔

کیا ارطغرل بت پرست تھا؟

آج کل ارطغرل ڈرامے کو لیکر یہ بحث بھی چھڑی ہوئی ہے کہ کیا حقیقت میں ارطغرل ایسا ہی تھا جیسا ڈرامے میں دکھایا گیا ہے یا ان سب باتوں کے بالکل برعکس وہ ایک بت پرست تھا؟

اس اشکال کی اصل وجہ ڈاکٹر محمد عزیر صاحب کی لکھی ہوئی کتاب ”دولت عثمانیہ“ میں درج برطانوی مصنف مسٹر ہربرٹ گینس کی ایک تازہ ترین تحقیق ہے جس کے بارے میں لکھتے ہوئے ڈاکٹر محمد عزیر صاحب فرماتے ہیں کہ: ”اب سے بائیس سال قبل تک یہ امر عموماً مورخین کے نزدیک مسلم تھا کہ ارطغرل اور اس کے ساتھی ایشیائے کوچک میں داخل ہونے سے پہلے ہی مسلمان تھے۔ لیکن ۱۹۱۶ء میں مسٹر ہربرٹ گینس نے اپنی مستند تالیف "اساس سلطنت عثمانیہ" کو شائع کرکے یہ تازہ تحقیق پیش کی کہ سغوت میں بودوباش اختیار کرتے وقت عثمان اور اس کے قبیلے کے لوگ بت پرست تھے۔ مسٹر گینس کے دلائل حسب ذیل ہیں“:

وصیت کے مطابق اسے بروصہ میں دفن کیا گیا اور اس کی قبر پر ایک عالی شان مقبرہ تعمیر کیا گیا۔

سلطنت | عثمان دولت عثمانیہ کا پہلا تاج دار ہے، اس بنا پر عموماً اس کے نام کے ساتھ سلطان کا لقب بھی شامل کر دیتے ہیں لیکن خود اس نے اور اس کے بعد اورخان اور مراد اول نے صرف ''امیر'' ہی کا لقب اختیار کیا[1]، ارطغرل کی وفات پر اس کے مقبوضات کا دائرہ سغوت، اس کی شہر اور چند مواضعات پر ختم ہو جاتا تھا، عثمان نے اپنی اڑتیس سال کی حکومت میں اس دائرہ کو جنوب میں کوتاہیہ اور شمال میں بحر مارمورا اور بحر اسود کے ساحلوں تک وسیع کر دیا، اس کی قلم رو کا طول تقریباً ۱۲۰ میل اور عرض تقریباً ۶۰ میل تھا[2]، آبادی صرف ترکوں پر مشتمل نہ تھی، بلکہ بیش تر علاقے چوں کہ سلطنت بازنطینی کے ایشیائی مقبوضات سے حاصل کردہ تھے، اس لیے آبادی میں ایک بڑی تعداد یونانی اور سلافی باشندوں کی بھی تھی، جو بخوشی مسلمان ہو کر ترکوں میں شامل ہو گئے تھے، ایورسلے لکھتا ہے کہ یہ عیسائی کسی جبر سے اسلام نہیں لائے کیوں کہ تاریخ میں نہ تو قیدیوں کے قتل عام کا کوئی ذکر ہے اور نہ بحیثیت غلام انہیں فروخت کرنے کا بلکہ ان کے اسلام لانے کی وجہ یہ ہوئی کہ قسطنطنیہ کے یونانیوں نے جو فطری طور پر ان کے محافظ تھے، انہیں چھوڑ دیا تھا[3]، اسلام میں داخل ہونے کے بعد فاتح اور مفتوح کے درمیان شادی بیاہ کے تعلقات بھی قائم ہو گئے اور دونوں کے میل سے ایک نئی نسل تیار ہونے لگی، جو دوسری ترکی ریاستوں کے باشندوں سے بہت کچھ مختلف تھی اور اپنے کو ''عثمانی'' کہتی تھی۔

عثمان کا اسلام | اس موقع پر خود عثمان اور اس کے قبیلے کے اسلام لانے کا مسئلہ بھی سامنے آتا ہے، اب سے بیس بائیس سال قبل تک یہ امر عموماً مؤرخین کے نزدیک مسلم تھا کہ ارطغرل اور اس کے ساتھی ایشیائے کوچک میں داخل ہونے سے پہلے ہی مسلمان تھے لیکن

---

[1] کریسی، جلد ا، ص ۱۷ [2] ترکی سلطنت، از لارڈ ایورسلے، ص ۱۵، مطبوعہ لندن ۱۹۲۴ء (The Turkish Empire By Lord Eversley [3] ترکی سلطنت از لارڈ ایورسلے، ص ۱۶، مطبوعہ لندن ۱۹۲۴ء۔

۱۹۱۶ء میں مسٹر ہربرٹ گبنس نے اپنی مستند تالیف ''اساس سلطنت عثمانیہ''[1] کو شائع کر کے یہ تازہ تحقیق پیش کی کہ سغوت میں بود و باش اختیار کرنے کے وقت عثمان اور اس کے قبیلہ کے لوگ بت پرست تھے، مسٹر گبنس کے دلائل حسب ذیل ہیں:

تیرھویں صدی عیسوی کے ابتدا میں خراسان اور ماوراالنہر کے دوسرے علاقوں کی جو قومیں ایشیائے کوچک کی سرحدوں پر نمودار ہوئیں اُن کے اسلام لانے کا کوئی صریح ذکر کسی تاریخ میں نہیں ملتا، ان سے پہلے کے ترک حملہ آور جب اس ملک میں داخل ہوئے تو وہ کئی پشتوں سے عربی اسلام کے زیر اثر رہتے آئے تھے، چنانچہ آل سلجوق بھی مسلمان ہی تھے لیکن بعد کے آنے والے ترک جن میں عثمان پیدا ہوا، کچھ بہت زیادہ اسلام کے زیر اثر نہیں رہے، خود عثمانیوں کے مؤرخ نشری کے بیان سے بھی صاف اشارہ ملتا ہے کہ عثمان کا مورث اعلیٰ سلیمان شاہ اور اس کے ساتھی جو اپنے وطن سے نکل کھڑے ہوئے تھے اور پچاس ہزار گھرانوں پر مشتمل تھے، غیر مسلم تھے، وہ کہتا ہے کہ ان میں سے کچھ شامی ترکمانوں کے آباء واجداد تھے اور بقیہ ان تمام خانہ بدوش قوموں کے جو روم میں ادھر ادھر پھرا کرتی تھیں اور خود نشری کے زمانہ میں بھی موجود تھیں، بارھویں صدی عیسوی اور اس کے بعد کے سیاحوں کی بکثرت شہادتوں سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ قومیں بت پرست تھیں، ان مختلف ترکی قبیلوں نے جو اسی زمانہ میں ایشیائے کوچک میں داخل ہوئے، جب عثمان کا قبیلہ وہاں آیا، ملک کے مغربی حصہ میں پہنچ کر اپنے آپ کو ایک اسلامی ماحول میں پایا، وہ تعداد میں تھوڑے تھے، ان کے لیے اس سے زیادہ قدرتی بات کوئی نہ تھی کہ اپنے سلجوقی اقرباء کا مذہب اختیار کرلیں، یہ اتنی قدرتی بات تھی کہ اس کے ذکر کی کوئی ضرورت سمجھی ہی نہیں گئی، عثمان اور اس کے قبیلہ کے اسلام لا چکنے سے عثمانی قوم پیدا ہوئی کیوں کہ اسلام ہی نے ان مختلف قوموں کو جو ایشیائے کوچک کے شمالی مغربی گوشہ میں آباد تھیں، متحد کر کے ایک قوم بنا دیا، یہ سلاجقہ قونیہ کے خاتمہ کا نہیں بلکہ اس تبدیل

---

1. The Foundation Of The Othman Empire By H. Adams Gibbns, New York, 1916.

مذہب ہی کا نتیجہ تھا کہ ۶۸۹ھ (۱۲۹۰ء) کے بعد عثمان کی فاتحانہ سرگرمیاں شروع ہوگئیں، حالاں کہ اس سے سغوت کی زندگی کے پچاس سال ان سرگرمیوں سے خالی تھی، ارطغرل اور عثمان ایک دیہاتی سردار کی حیثیت سے سغوت میں سیدھی سادی زندگی بسر کرتے تھے اور ان کے تمام حوصلے اپنے چھوٹے سے گاؤں ہی تک محدود تھے، ان کی اس زمانہ کی کسی جنگ یا فتح کا ذکر تاریخ میں موجود نہیں، ارطغرل کے ساتھ چار سو سپاہی تھے اور عثمان کے ہم راہ اس سے زیادہ سپاہیوں کے ہونے کی کوئی معقول وجہ نظر نہیں آتی، اس کے تعلقات اپنے پڑوسیوں کے ساتھ بالکل صلح و دوستی کے تھے، نشری کا بیان ہے کہ اس ملک کے کافر و مسلم دونوں ارطغرل اور اس کے لڑکے کی عزت کرتے تھے، کافر و مسلم کا کوئی سوال ہی نہ تھا، پھر دفعتہً ہم عثمان کو اپنے پڑوسیوں پر حملہ آور ہوتے اور ان کے قلعوں کو فتح کرتے ہوئے دیکھتے ہیں، ۶۸۹ھ (۱۲۹۰ء) سے ۶۹۹ھ (۱۳۰۰ء) تک وہ اپنے مقبوضات کو وسیع کرتا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کی سرحد بازنطینی علاقوں سے مل جاتی ہے، اس کے سپاہیوں کی تعداد چار سو سے بڑھ کر چار ہزار تک پہنچ جاتی ہے، ہم ایک قوم کا ذکر سننے لگتے ہیں، جو ترک نہیں بلکہ اپنے سرداروں کے نام پر ''عثمانی'' کہلاتی ہے، اس سردار کا نام خود بھی اس کی قوم ہی کے نام کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے، یہ لوگ یونانیوں (بازنطینیوں) اور تاتاریوں دونوں کے یکساں دشمن ہیں اور متعین طور پر اسلام سے وابستہ ہیں، ان میں ایک ایسا تبلیغی جوش ہے جو صرف ان ہی لوگوں میں پایا جاتا ہے جنہوں نے حال ہی میں مذہب تبدیل کیا ہو، ان کی باہمی وحدت اور ایشیائے کوچک کے دوسرے ترکوں سے ان کا قطعی طور سے مختلف ہونا، چودھویں صدی کے ابتدائی ساٹھ سالوں میں اس قدر نمایاں ہو جاتا ہے کہ یورپ انہیں بحیثیت ایک قوم کے تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے، ایشیائے کوچک کی دوسری جماعتوں کی بہ نسبت چوں کہ یہی لوگ یورپ کے سامنے زیادہ آئے، اس لیے اہل یورپ نے انہیں محض ''ترک'' کہنا شروع کیا اور ان کو اناطولیہ کے تمام ترکوں کا نمائندہ سمجھنے لگے[1]۔

[1] اساس سلطنت عثمانیہ، از ہربرٹ گبنس، ص ۲۹-۲۵۔

اسی طرح کے ایک اور شبہ کا اظہار مولوی محمد عزیر صاحب نے ایک اور برطانوی مصنف ڈاکٹر جولیس گرمانی کی کتاب ''ترکوں کی اسلامی خدمات'' کا حوالہ دے کر بھی لکھا ہے جو کہ ۱۹۳۲ء میں لکھی گئی تھی:

پروفیسر گرمانس نے بھی یہی خیال ظاہر کیا ہے، لکھتے ہیں: ''اپنے پیش رووں کی طرح جنہوں نے ایشیائے کوچک میں بود و باش اختیار کر لی تھی'' کے خان لی'' بھی ترک ہی تھے، البتہ ان کی بولی ذرا ان سے مختلف تھی، ایک اور فرق یہ تھا کہ سلاجقہ تو صدیوں سے اسلام لا چکے تھے لیکن یہ نوارد ہنوز اپنے قدیم خانہ بدوشی کے مسلک پر قائم تھے، ان کے سردار طغرل کے بیٹے عثمان کی شادی کے متعلق جو روایت مشہور ہے، اس سے ہمارا یہ قیاس حق بہ جانب ہے کہ انہوں نے ایشیائے کوچک کی اسلامی فضا میں داخل ہونے کے بعد اسلام قبول کیا[1]۔

مال خاتون وہ روایت یہ ہے کہ اس شہر کے قریب اِبترونی نام کے ایک چھوٹے سے گاؤں میں ایک خدارسیدہ عالم اوہ بالی رہا کرتے تھے، عثمان اپنی نوعمری کے زمانہ میں ان کی خدمت میں اکثر حاضر ہوتا رہتا تھا، ان کی ایک نہایت حسین لڑکی تھی جس کا نام مال خاتون تھا، ایک روز اتفاق سے عثمان کی نظر اس دوشیزہ پر پڑ گئی اور وہ دیکھتے ہی اس پر فریفتہ ہو گیا، اس نے نکاح کا پیغام دیا لیکن اوہ بالی چوں کہ درویشانہ زندگی بسر کرتے تھے، اس لیے فرق مراتب کا لحاظ کر کے انہوں نے اس پیغام کو قبول نہیں کیا، دو سال تک عشق و محبت کا یہ سلسلہ برابر قائم رہا اور عثمان نے اوہ بالی کے گھر کی آمد و رفت جاری رکھی، اس درمیان میں چند اور ترک سرداروں نے بھی، جو طاقت اور وجاہت میں عثمان سے بڑھے ہوئے تھے، مال خاتون سے شادی کی خواہش کی لیکن اوہ بالی نے ان کو بھی صاف جواب دیا، بالآخر ایک رات جب عثمان اوہ بالی کے یہاں مقیم تھا، اس نے یہ عجیب و غریب خواب دیکھا کہ ایک چاند ہلال بن کر اوہ بالی کے سینہ سے نکلا اور رفتہ رفتہ بدر کامل بن کر اس کے سینہ میں اتر آیا، پھر اس کے پہلو سے ایک زبردست درخت نمودار ہوا، جو بڑھتا ہی چلا گیا، یہاں تک کہ اس کی شاخیں بحر و بر پر چھا گئیں، درخت کی جڑ سے نکل کر دنیا کے چار بڑے دریا دجلہ، فرات، نیل اور ڈینوب بہ رہے تھے اور چار بڑے

---

[1] ترکوں کی اسلامی خدمات از ڈاکٹر جولیس گرمانس، ص ۱۰، مطبوعہ انجمن ترقی اردو، اورنگ آباد ۱۹۳۲ء۔

مسٹر گینس اور ڈاکٹر جولیس گرمانی کے اعتراض کا جواب دینے سے پہلے ہم چاہیں گے کہ اس اشکال کی اصل حقیقت سے بھی قارئین واقف ہو جائیں۔ مسٹر گینس اور ڈاکٹر جولیس گرمانی کے اشکال کا جواب درج کرنے سے پہلے ڈاکٹر محمد عزیر صاحب خود اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ: "اب سے بائیس سال قبل تک یہ امر عموماً مورخین کے نزدیک مسلم تھا کہ ارطغرل اور اس کے ساتھی ایشیائے کوچک میں داخل ہونے سے پہلے ہی مسلمان تھے۔ لیکن ۱۹۱۶ء میں مسٹر ہربرٹ گینس نے اپنی مستند تالیف "اساس سلطنت عثمانیہ" کو شائع کر کے یہ تازہ تحقیق پیش کی کہ سغوت میں بود و باش اختیار کرنے کے وقت عثمان اور اس کے قبیلے کے لوگ بت پرست تھے"۔

ڈاکٹر محمد عزیر صاحب نے تو صرف اپنی معلومات کو باقاعدہ تمام حوالوں سے مزین کرنے کے لئے مسٹر ہربرٹ اور ڈاکٹر جولیس گرمانی کے حوالے اپنی کتاب میں شامل کئے لیکن اس سے یہ مطلب اخذ کرلینا کہ اب یہ معلومات حتمی ہیں اور ان پر ایمان لے آنا کہاں کی عقلمندی ہے۔ ایک سمجھدار اور بافہم شخص کسی طرح بھی ان معلومات کو قطعاً سچ تسلیم نہیں سکتا کیونکہ ضروری یہ ہے کہ ان معلومات کا حالات و واقعات کی ترتیب اور دیگر مورخین کی دی گئی معلومات سے موازنہ بھی کیا جائے اور اصل حقیقت تک پہنچنے کی کوشش کی جائے۔ ہم یہاں چند دلائل سے اپنا موقف ثابت کرتے ہیں کہ ارطغرل غازی پیدائشی مسلمان تھے۔

۱۔ اس کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ مسٹر ہربرٹ کے اس بے بنیاد دعویٰ سے ۲۲ سال قبل تک پوری دنیا کے تمام مورخین اس بات پر متفق تھے کہ ارطغرل اور اس کے ساتھی ایشیائے کوچک میں داخل ہونے سے پہلے ہی مسلمان تھے۔ تو پھر اچانک ۱۹۱۶ء میں مسٹر ہربرٹ کو ایسی کونسی دلیل مل گئی جس کی بنیاد پر انہوں نے ایسا بھونڈا دعویٰ کیا۔

قارئین کرام ذرا غور فرمائیے کہ یہ نئی تحقیق خاص طور پر اس وقت پیش کی گئی جب خلافت عثمانیہ اپنے آخری دور سے گزر رہی تھی اور اس کی ساکھ بچانے کے لئے اس وقت کے عثمانی خلیفہ سلطان عبد الحمید نے مسلمانوں کی توجہ حاصل کرنے کے لئے سغوت میں ارطغرل غازی کے مزار کی تعمیر نو کی اور ان کے ساتھی مجاہدین کا ایک علامتی قبرستان بھی آباد کیا جس کا مقصد ترکوں کو ان کے آباؤ اجداد کی طرف راغب کرنا تھا۔ ایسے وقت میں جبکہ اسلام دشمن عناصر سلطنت عثمانیہ کی جڑیں کھوکھلی کرنے میں اور عربوں کو ترکوں کی مخالفت پر اکسانے میں مصروف تھے، انگریز اور برطانوی مصنفین کا ترک مسلمان ہیروز کو کافر یا بت پرست ظاہر کرنے کی کوشش کرنا کوئی نئی یا انوکھی بات نہیں ہے۔

۲۔ ڈاکٹر محمد عزیر صاحب خود اپنی کتاب میں اس بات کا اقرار کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ: "حضرت عمر بن عبد العزیز جو کہ ۱۷ھ سے ۲۰ھ تک خلیفہ رہے ان کے دور سے ہی ماوراالنہر کے ترک بادشاہوں کو باقاعدہ اسلام کی دعوتیں دی جا چکی تھیں اور ان میں سے اکثر اسلام قبول بھی کر چکے تھے۔ اور دسویں صدی تک ماوراالنہر کی ترک قوم کے دس ہزار خیمے اسلام قبول کر چکے تھے جو ساغون اور کاشغر کے علاقوں میں آباد تھے۔ اسی دوران اسلام ترکوں میں اتنی تیزی سے پھیل رہا تھا کہ دو لاکھ سے زائد ترک خیمے مسلمان ہو چکے تھے"۔

